تربیتی نصاب

ابتدائیہ

برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

۱ نورانی قاعدہ ۲ ایمانیات و عبادات ۳ احادیث و مسنون دعائیں

۴ سیرت و اخلاق و آداب ۵ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب

جمع و ترتیب

علمائے کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

زیر سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم

صدر دارالعلوم کراچی

01250115

کتاب کا نام : تربیتی نِصَاب (ابتدائیہ) برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)

تاریخ اشاعت : جنوری 2015ء

کمپوزنگ و ڈیزائننگ : محمد جنید اقبال، عبید اشفاق

ناشر : مکتب تعلیم القرآن الکریم

مکتب تعلیم القرآن الکریم

C-1 کاسموپولیٹن سوسائٹی، بالمقابل سہوائی کلب، گرومندر کراچی۔

ای میل: maktab2006@hotmail.com

مدرسہ بیت العلم

ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی

فون: 92-21-34976073+ فیکس: 92-21-34976339+

مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

کتاب کی معلومات کے لیے رابطے نمبر

کراچی:	0333-3204104	سندھ :	0322-2061640
لاہور :	0321-4066762	پنجاب :	0300-2298536
بلوچستان:	0323-2465366	خیبر پختونخواہ:	0323-2163507

مکتب کے دفتر کا نمبر: 0332-2154190

اوقات: صبح 8:00 بجے تا 5:00 بجے شام (علاوہ اتوار)

جدید اصلاح شدہ ایڈیشن

(ابتدائیہ)

تربیتی نِصاب

برائے مکاتِب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت
کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

طالب علم/طالبہ کا نام: .... ولدیت: ....

مکتب کا نام: .... مُعلّم/مُعلّمہ کا نام: ....

زیر سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دارالعلوم کراچی

دُعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکمل نصاب کا اجمالی خاکہ

افتتاحی اجتماع	حمد ونعت	پانچ (۵) حمد اور پانچ (۵) نعتیں۔
قرآن کریم	قاعدہ	مکمل نورانی قاعدہ مع ضروری قواعد۔
	ناظرہ	ناظرہ قرآن کریم مکمل مع قواعد اجراء۔
	حفظ سورۃ	سورۂ فاتحہ، نصف عم پارہ اور آیت الکرسی۔
ایمانیات وعبادات	اسمائے حسنیٰ	اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ترجمے کے ساتھ۔
	عقائد	کلمے، ایمان مجمل، ایمان مفصل، عقائد کی درستگی سے متعلق اہم اور بنیادی باتیں۔
	طہارت ونماز	استنجا، وضو اور غسل کا طریقہ، مکمل نماز اور نماز کے تفصیلی احکام۔ زکوۃ، روزہ، حج اور اعتکاف کے اہم اور بنیادی مسائل۔
احادیث و مسنون دعائیں	احادیث	چالیس احادیث مبارکہ ترجمے کے ساتھ۔
	مسنون دعائیں	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مختلف مواقع اور اوقات میں پڑھی جانے والی منقول پچاس (۵۰) مسنون دعائیں حفظ۔
سیرت و اخلاق وآداب	سیرت	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے وفات تک کی مبارک زندگی اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی کے مختصر حالات۔
	اخلاق وآداب	اسلامی طرز زندگی، اخلاق وآداب اور روزمرہ کی سنتوں پر مشتمل پچیس اسباق۔
زبان	عربی زبان	عربی میں گنتی، دنوں اور مہینوں کے نام، روزمرہ استعمال ہونے والی چیزوں کے نام، چھوٹے چھوٹے جملے اور گفتگو۔
	اردو زبان	اردو زبان ابتدا سے پڑھنا اور اردو زبان میں سوالات وجوابات پر مشتمل دین اسلام اور اسلامی شخصیات سے متعلق اہم معلومات اور انبیا عَلَیْهِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کے واقعات۔
بیان	بیان ودعا	سات (۷) بیان اور تیرہ (۱۳) قرآنی دعائیں۔

''تربیتی نصاب (ابتدائیہ)'' کا مکمل خاکہ

قرآن کریم	نورانی قاعدہ	نقطے، مفردات، مرکبات، حروف مقطعات، حرکات، تنوین، حرکات اور تنوین کی مشق۔
ایمانیات و عبادات	عقائد	کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، اللہ تعالیٰ، انبیا عَلَیْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ، ہمارا دین۔
	طہارت	وضو کرنے کا طریقہ،
	مکمل نماز	تکبیر، ثَنَا، تَعَوُّذ، تَسْمِیَةُ اور سُوْرَةُ الفَاتِحَة
احادیث و مسنون دعائیں	پانچ احادیث ترجمے کے ساتھ	۱ آسان دین ۲ جنت کی چابی ۳ کھانے کا اہم ادب ۴ سلام پھیلانا ۵ سچ بولنا
	پانچ دعائیں ترجمے کے ساتھ	۱ علم میں اضافے کی دعا ۲ کھانے سے پہلے کی دعا ۳ کھانے کے شروع میں اگر بِسْمِ اللّٰهِ دعا پڑھنا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں ۴ سونے سے پہلے کی دعا ۵ سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا
سیرت و اخلاق و آداب	سیرت	سیرت سے متعلق سوالات و جوابات۔
	آداب	سلام، چھینک، کھانے، پینے اور سونے کے آداب، والدین کا ادب۔
زبان	عربی	ایک سے دس تک گنتی اور ہفتے کے دنوں کے نام۔
	اردو	حروف کی پہچان اور مکمل تختی۔

فہرست مضامین

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مَدَّظِلُّهُ الْعَالِي

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ! جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، جامعہ دارالعلوم (کراچی) اور جامعہ فاروقیہ کے فضلاء نے ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے طلبا/ طالبات کے لیے ایک "تربیتی نصاب" بنایا ہے۔

اُمید ہے کہ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بچوں کی اچھی تعلیم و تربیت ہوگی۔

مساجد کمیٹی کے ذمہ داران...... ائمہ مساجد اور مہتممینِ مدارس سے گزارش ہے کہ جو بچے مکاتب میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے کے لیے آتے ہیں ان میں اس نصاب اور اس نظام کو رائج فرمائیں، اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بچے/ بچیوں کی اچھی تربیت ہوگی۔

دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے۔ ہر گاؤں، دیہات، محلے اور ہر مسجد میں اس ترتیب کو قائم فرمائے اور والدین کے بھی دین پر آنے کا ذریعہ بنائے۔

معلّمین، معلّمات کے لیے یہ حضرات جو کورسز کرائیں اس میں اخلاص، عافیت اور قبولیت عطا فرمائے۔ آمِيْن يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مَدَّ ظِلُّهُ الْعَالِي

صدر جامعہ دار العلوم کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ...... اَمَّا بَعْدُ!

''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کی طرف سے شائع کیے گئے ''تربیتی نصاب (ابتدائیہ)'' کا تفصیلی مطالعہ تو نہ ہوسکا، لیکن متفرق مقامات دیکھنے سے ہی بہت خوشی ہوئی، بچوں کی تربیت کے لیے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بہت مفید ہوگا۔ اگر مکاتب قرآنیہ میں اس کتاب کو داخل نصاب کردیا جائے تو یہ ان کم عمر بچوں کے لیے بہت بڑا تحفہ ہوگا اور اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ان کی کردار سازی میں معاون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب سے ہماری نئی نسل کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے اور اس کے مرتّب کرنے والے حضرات کی مخلصانہ خدمت قبول فرما کر اجرِ عظیم سے نوازے اور مکاتبِ قرآنیہ کے اساتذہ و منتظمین کو توفیق دے کہ اسے بچوں کی تربیت کے لیے استعمال کریں۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ

تقریظ

حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مَدَّظِلُّہُ الْعَالِی

استاذ الحدیث، نائب مہتمم و ناظمِ تعلیمات جامعہ اشرفیہ۔ لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس پُرفتن دور میں میڈیا نے اس منظم انداز سے معصوم بچوں اور بچیوں کے ایمان کو تباہ و برباد کرنا شروع کیا ہے کہ اسلام کے نام پر بنے ملکِ پاکستان میں والدین اور سرپرستوں کے لیے نسلِ نو کے ایمان کی حفاظت سب سے بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ اب والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ وقت کے اس چیلنج کا ایمانی قوت، ہمت و جرأت کے ساتھ مقابلہ کریں۔

ہماری مساجد و مکاتبِ قرآنیہ کا جو سلسلہ ایک عرصے سے چلا آرہا ہے، یہ ایک بہترین ذریعہ ہے کہ یہاں تھوڑے سے وقت میں ان بچوں کے دلوں میں ایمانی چراغ روشن کیا جاسکتا ہے، ان مکاتب میں بچوں کو پڑھانے کے لیے ترتیب دی گئی کتاب ''تربیتی نصاب'' کا احقر نے مطالعہ کیا اور اصلاح کا ایک بہترین ذریعہ اور وسیلہ پایا۔

یہ کتاب آسان اور خوب صورت انداز میں ترتیب دی گئی ہے اور بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اس کے پڑھانے والے اساتذۂ کرام ایمان، اخلاق اور عبادات کو صحیح تربیتی انداز سے سکھائیں تو یہ تمام شرور اور فتنوں سے بچنے کا کامیاب ذریعہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے اس کتاب کو اس خوب صورت انداز میں مرتب اور شائع کیا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ملک کی تمام مساجد میں رائج فرمائے اور ملکِ پاکستان کے ایک ایک بچے اور بچی کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

محتاجِ دعا

[دستخط]

اظہارِ تشکّر

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ"

(سنن ابن ماجہ، الادب، باب فضل الحامدین، الرقم: ۳۸۰۳)

دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اور صرف اسلام ہے۔ دین اسلام کی خدمت محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عطا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے دین کی خدمت کی توفیق نصیب فرمائی۔

بچوں، بڑوں، مردوں اور عورتوں کی دنیاو آخرت کی کامیابی اور نجات قرآن کریم کی تعلیمات اور دین اسلام پر عمل کرنے میں ہے۔ قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنا، قرآن کریم پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے، اس کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کو بچپن سے قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنا سکھانا اور بچپن سے بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کی فکر کرنا تمام والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمے داری ہے۔

بقول شخصے: "بچپن کی تربیت پچپن تک کام آتی ہے۔"

شاعر کہتا ہے:

قَدْ يَنْفَعُ الْاَدَبُ الْاَوْلَادَ فِيْ صِغَرٍ ... وَلَيْسَ يَنْفَعُهُمْ مِنْ بَعْدِهٖ اَدَبٌ

اِنَّ الْغُصُوْنَ اِذَا عَدَّلْتَهَا اِعْتَدَلَتْ ... وَلَا تَلِيْنُ وَلَوْ لَيَّنْتَهُ الْخَشَبُ

ترجمہ: "تحقیق بچوں کو بچپن میں ادب سکھانا فائدہ مند ہوتا ہے اور اس کے بعد ان کو ادب سکھانے کا کچھ فائدہ نہیں ہوتا، اگر آپ ٹہنیوں کو سیدھا کرنا چاہیں تو سیدھا کر سکتے ہیں لیکن لکڑی کو آپ نرم بھی کرنا چاہیں تب بھی نرم نہیں ہوتی۔"

تمام والدین کو چاہیے کہ بچپن سے اپنے بچے/ بچیوں کو قرآن کریم صحیح پڑھانے کے لیے اور بچپن سے ان کی دینی تعلیم وتربیت کے لیے بچوں کو لڑکوں کے مکتب میں اور بچیوں کو لڑکیوں کے مکتب میں بھیجیں تا کہ یہ بچے/ بچیاں بڑے ہو کر قرآن کریم صحیح پڑھ سکیں، دین اسلام سے محبت کریں، اس پر عمل کریں، گمراہی اور فتنے سے محفوظ رہیں۔

مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی ولی حسن صاحب ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے:

"اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مکتب میں پڑھنے والا بچہ کبھی بے دین نہیں ہوگا۔"

اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی دی ہوئی توفیق سے "اساتذہ کرام

مکتب تعلیم القرآن الکریم'' نے ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کے لیے ''تربیتی نصاب'' کے نام سے زیرِ نظر ''تربیتی نصاب ابتدائیہ'' سمیت چھ حصوں پر مشتمل نصاب مرتب کیا ہے اور روزانہ اس کی پڑھائی کے لیے صرف ڈیڑھ گھنٹے کا وقت مقرر کیا ہے۔ اس نصاب کو مکمل کرنے پر اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ہر بچہ/ بچی یہ سیکھ لے گا۔

1. نورانی قاعدہ، ناظرہ قرآن کریم مکمل، سورۃ الفاتحہ، عَمَّ پارہ آدھا اور آیت الکرسی حفظ۔
2. کلمے، اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام، دین کے ضروری اور بنیادی عقائد اور مسائل۔
3. نماز کا مفصل طریقہ۔
4. چالیس احادیث مبارکہ اور پچاس مسنون دعائیں۔
5. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرت۔
6. اخلاق وآداب کے پچیس اسباق۔
7. ابتدائی عربی اور اردو زبان۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ''تربیتی نصاب حصہ ابتدائیہ'' پیشِ خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اسے شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ایک عاجزانہ درخواست: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ''تربیتی نصاب، حصہ ابتدائیہ'' مدرسہ عربیہ رائے ونڈ، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ دارالعلوم، جامعہ فاروقیہ، جامعہ اشرفیہ لاہور اور دیگر مدارس کے علمائے کرام کی زیرِ نگرانی مرتب کیا گیا ہے۔ اس لیے ان سب مدارس کو اور مکتب تعلیم القرآن الکریم کے اساتذہ، معاونین اور بندے کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے گا۔ اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔

حدیث شریف میں آتا ہے:

''مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ وَلَكَ بِمِثْلٍ''

(صحیح مسلم، الذکر، باب فضل الدعاء للمسلمین بظہر الغیب، الرقم: ۶۹۲۷)

ترجمہ: ''جو کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں (غائبانہ) دعا کرے تو ایک فرشتہ کہتا ہے: ''تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو۔''

از

محمد حنیف عبدالمجید عفا اللہ عنہ وعن والدیہ

مکتب تعلیم القرآن الکریم

نصاب کی خصوصیات

1. کم از کم روزانہ ڈیڑھ گھنٹے کا مختصر نصاب جسے طلبا و طالبات دوسری مصروفیات کے ساتھ آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔
2. یہ نصاب ابتدائیہ سمیت چھ سال پر مشتمل ہے۔
3. یہ نصاب ایک مکمل نظام کے ساتھ مربوط ہے۔
4. ہر سبق کو پڑھانے کے لیے دنوں اور مہینوں کو متعین کر دیا گیا ہے تاکہ اساتذہ کرام کو پڑھانے میں آسانی ہو۔
5. جس سال میں جو اسباق پڑھائے جائیں گے اس کا خاکہ دیا گیا ہے اور مکمل نصاب کا اجمالی خاکہ بھی دیا گیا ہے۔
6. ہر مضمون کے شروع میں اس کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تاکہ طلبا کے سامنے مضمون کا تعارف اچھی طرح ہو جائے۔
7. بِحَمْدِ اللّٰهِ الفاظ، انداز اور مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔
8. زبانی یاد کرائی جانے والی باتوں پر یہ "📖" علامت اور سمجھائی جانے والی باتوں پر یہ "☆" علامت لگائی گئی ہے۔
9. ہر اگلے سال میں گزشتہ سال میں یاد کرائی گئی سورتوں.... اسمائے حسنیٰ.... احادیث.... مسنون اذکار اور مسنون دعاؤں کی دہرائی کرائی گئی ہے تاکہ یہ یاد رہیں۔
10. کتاب کے آخر میں ہر مہینے کے سوالات دیے گئے ہیں۔
11. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! کتاب کے آخر میں حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں تاکہ بات مستند ہو۔
12. نصاب کے آخر میں نماز کی ڈائری موجود ہے تاکہ بچپن ہی سے نماز جیسی اہم عبادت کی عادت ہو۔
13. نصاب میں اس بات کی رعایت کی گئی ہے کہ بچہ/ بچی مکتب سے روزانہ کوئی نہ کوئی عملی بات سیکھے جس سے اس کو مکتب آنے میں دل چسپی بڑھے اور والدین کو بھی ترغیب ہو۔

وضاحت: بیان، دعا، نماز کی ڈائری، ہر مضمون کی مفہومی تعریف، حفظ سورۃ اور ہر مہینے کے سوالات "ابتدائیہ" میں ذکر نہیں کیے گئے ہیں۔ یہ از حصہ اول تا پنجم نصاب میں شامل ہوں گے۔

ہدایات برائے اساتذہ کرام

اس نصاب کی ترتیب اور نظام اچھی طرح سمجھ لینا ضروری ہے اس لیے کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس سے مکمل فائدے کے لیے نظام ونصاب کی رعایت ضروری ہے۔

1. اَلْحَمْدُ لِلّٰہْ! اس سلسلے میں ادارہ ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' میں اساتذہ کرام کے لیے تین روزہ تربیتی نشست رکھی جاتی ہے، جس میں تربیتی نصاب پڑھانے کا طریقہ، نبوی طریقہ تعلیم، تربیت اور عملی تربیت کرنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔

   تمام اساتذہ کرام سے درخواست ہے کم از کم ایک مرتبہ تین روزہ تربیتی نشست میں ضرور شرکت فرمائیں۔

2. اَلْحَمْدُ لِلّٰہْ! اساتذہ کرام کی تعلیم موثر بنانے کے لیے ''بچوں کی تربیت اور معیاری مکتب کے راہ نما اصول'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی گئی ہے جس میں اساتذہ کرام کے لیے نظام، نصاب، طریقہ تعلیم اور عملی تربیت کا طریقہ کار ذکر کیا گیا ہے۔

3. نورانی قاعدہ سے متعلق اہم تعلیمی ہدایات، ہر سبق کا مقصد، بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ اور ہر سبق سے متعلق ضروری ہدایات پر مشتمل ''نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی ہے۔ اساتذہ کرام روزانہ اس کا مطالعہ کر کے اس کے مطابق پڑھائیں تو امید ہے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ طلبا/ طالبات میں نمایاں کارکردگی آئے گی۔

4. تمام طلبا کو اجتماعی طور پر پڑھائیں۔

5. جو سبق پڑھائیں اس کی عملی مشق کرائیں خاص طور پر وضو اور نماز کی عملی مشق ضرور کرائیں۔

تعلیمی ایام

1. اس نصاب میں ہر مضمون سے متعلق دس اسباق دیے گئے ہیں ہر سبق ایک ماہ میں پڑھائیں۔ اس طرح دس ماہ میں یہ نصاب مکمل ہوگا۔ بقیہ دو ماہ رمضان، عید الفطر، عید الاضحیٰ وغیرہ کی تعطیل کے ہوں گے۔
2. اگر کسی مہینے کا نصاب کسی مضمون میں جلد مکمل ہو جائے تو اس کا بقیہ وقت دوسرے مضامین کے لیے استعمال کریں تاکہ ہر مہینے کا نصاب تمام مضامین میں ایک ساتھ رہے اور کتاب ایک ساتھ ختم ہو۔
3. اس نصاب میں ہر مہینے کی پڑھائی، دہرائی، ماہانہ جائزہ، بزم اور تعطیل کے دن متعین کیے گئے ہیں۔
4. ہر مہینے میں بیس دن پڑھائی کے، تین دن دہرائی کے، دو دن ماہانہ جائزے، ایک دن بزم اور باقی چار دن ہفتہ وار چھٹی کے ہوں گے۔

پڑھائی	20 دن
دہرائی	3 دن
جائزہ	2 دن

بزم	ایک دن
تعطیل	4 دن
کل	30 دن

5. بزم والے دن پڑھائے گئے اسباق کا طلبا کا آپس میں سوال و جواب کی صورت میں تقریری مقابلہ کرائیں۔

خانوں میں دستخط کی ترتیب:

1. ہر سبق کے لیے جو دن متعین ہیں ان کو خانوں میں ظاہر کیا گیا ہے۔
2. سبق کے ختم پر دستخط کے خانوں پر دستخط کر دیں اور طلبا کو اس بات کا پابند کریں کہ اپنے سرپرست سے بھی دستخط کرائیں۔

غیر حاضر طلبا کی ترتیب:

غیر حاضری کی وجہ سے طالب علم کا جتنا سبق رہ گیا اس کے متعلق غور فرمالیں، اگر وہ سبق ایسا ہے کہ اس کے بغیر اگلا سبق سمجھ نہیں آسکتا تو اس کو انفرادی طور پر پڑھالیں، جیسے نورانی قاعدہ کا سبق اور اگر ایسا سبق ہے کہ اس کے بغیر بھی اگلا سبق سمجھ آجائے گا تو اس کو چھوڑ دیں تاکہ اجتماعیت باقی رہے اور اس چھوٹے ہوئے سبق کو دہرائی کے دنوں میں یاد کرانے کی کوشش کریں۔

نظام الاوقات

1. نصاب میں شامل مضامین میں سے نورانی قاعدہ تجوید کے ساتھ روزانہ پڑھائیں، بقیہ چار مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن ایمانیات و عبادات اور احادیث و مسنون دعائیں اور دوسرے دن سیرت و اخلاق و آداب، عربی اور اردو زبان کا مضمون پڑھائیں۔
2. مضامین کے پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

ایک دن پڑھایا جائے	اوقات
نورانی قاعدہ	۶۰/منٹ
ایمانیات وعبادات	۱۰/منٹ
احادیث و مسنون دعائیں	۱۰/منٹ

دوسرے دن پڑھایا جائے	اوقات
نورانی قاعدہ	۶۰/منٹ
سیرت و اخلاق و آداب	۱۰/منٹ
زبان (عربی اور اردو)	۱۰/منٹ

نوٹ: بقیہ دس منٹ میں ① آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات ② گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں، نیز مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی زیادتی کی گنجائش ہے۔

نورانی قاعدہ
''نورانی قاعدہ''
تَعَوُّذ : اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○
تَسْمِیَۃ : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
سبق: ۱
نقطے
مُفردات
ا الف
ب با
ت تا
ث ثا
ت ث ب ث ب ت
ا ب ت ث
پہلے مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں
۱۵

ج جیم   ح حا   خ خا

ح خ ج ح ج

ح ج ح خ

ا ت ج خ ب ح ت ث

ب ت ث ت ث خ ح ج

ح ج خ ث ت ج ت خ

پہلے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

د دال ذ ذال ر را ز زا

ذ ر ز ر ز د

ذ ز د ذ ر ز

ذ د ذ ر ز ر

ت خ ث ج ب ر ت ا

ب ت ا خ ذ د ح ث

ز ح ذ ج د ز ر ت

پہلے مہینے میں چھ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۲

ا الف　ب با　ت تا　ث ثا　ج جیم　ح حا　خ خا

د دال　ذ ذال　ر را　ز زا

س سین　ش شین　ص صاد　ض ضاد

ش	ص	ض	س	ض	ص
س	ش	ض	س	ش	ص

س	ا	ذ	ت	ز	ر	ض	ب
ر	ح	ش	ص	ض	ج	خ	ث
ذ	د	خ	ث	ب	ز	ذ	ش

دوسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

ا الف　ب با　ت تا　ث ثا　ج جیم　ح حا　خ خا

د دال　ذ ذال　ر را　ز زا　س سین　ش شین　ص صاد　ض ضاد

ط طا　ظ ظا　ع عین　غ غین

ط ع غ ع غ ط

ظ غ ظ ط ع غ

ع ط ظ ع غ ظ

ح ظ ع خ ث ر غ ذ

ب ط ص ز ض ج ح س

ذ د ت ش ب ز ا ش

دوسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

ج	ط	ا	ق	ث	ص	ف	ب
ظ	ش	غ	ع	ض	خ	ذ	ز
ض	ح	ل	ك	س	ت	ر	د

دوسرے مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۳

خ خا	ح حا	ج جیم	ث ثا	ت تا	ب با	ا الف

ض ضاد	ص صاد	ش شین	س سین	ز زا	ر را	ذ ذال	د دال

ل لام	ك کاف	ق قاف	ف فا	غ غین	ع عین	ظ ظا	ط طا

و واو	ن نون	م میم

م	و	م	و	ن	م
م	ن	و	م	ن	و

ب	ث	ن	ض	غ	ظ	س	ق
ت	ظ	ح	ز	ص	ا	ط	ج
و	ل	خ	م	ع	و	ك	ذ
ث	ب	ت	ف	د	ر	ش	ض

تیسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

تیسرے مہینے میں چھ دن پڑھائیں

مُفردات کی مکمل تختی

ح حا	ج جیم	ث ثا	ت تا	ب با	ا الف
س سین	ز زا	ر را	ذ ذال	د دال	خ خا
ع عین	ظ ظا	ط طا	ض ضاد	ص صاد	ش شین
م میم	ل لام	ك کاف	ق قاف	ف فا	غ غین
ي یا	ء ہمزہ	ہ ہا	و واو	ن نون	

① موٹے حروف سات (۷) ہیں: ان کا مجموعہ "خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ" ہے۔

ق	غ	ظ	ط	ض	ص	خ

② نرم حروف تین (۳) ہیں:

ظ	ذ	ث

③ سیٹی والے حروف تین (۳) ہیں:

ص	س	ز

④ ہم آواز حروف

ق ك	ع ء	ح ہ	ث س ص	ذ ز ض ظ	ت ط

تیسرے مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں — دستخط معلم/معلمہ: — دستخط سرپرست:

چوتھے مہینے میں بیس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ: | | دستخط سرپرست: |

سبق: ۵

سـ شـ صـ ضـ	س	ش	ص	ض	سل	شل
	بس	يس	نص	تض	ضل	بصر

طـ ظـ	ط	ظ	نط	ظل	طال	حطت

عـ حـ غـ خـ	ع	غ	عج	خح	بح	يغ
			بعد	تغذ		

فـ فـ قـ قـ	ف	ق	فو	قل	يف	يفر
			نقر	خلق		

	ك	ک	كا	كب	كت	كل
			تكث	ملك		

پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں

پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم / معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۶ حروفِ مُقَطَّعَات

ان حروف کو الگ الگ کر کے پڑھائیں۔ ہجے نہ کرائیں۔

الٓمّٓرٰ	الٓرٰ	الٓمّٓصٓ	الٓمّٓ
طٰسٓ	طٰسٓمّٓ	طٰهٰ	كٓهٰيٰعٓصٓ
حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	صٓ	يٰسٓ
الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ		نٓ	قٓ

طٰسٓمّٓ: پڑھنے کی صورت: طَا سِیْمْ مِّیْمْ۔

الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ: ملا کر پڑھنے کی صورت: اَلِفْ لَآمْ مِّیْمَ اللّٰهُ۔

چھٹے مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۷ حرکات

ـَ زبر	ـِ زیر	ـُ پیش
زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے	زیر ہمیشہ حرف کے نیچے ہوتی ہے	پیش ہمیشہ حرف کے اوپر مڑا ہوا ہوتا ہے

ـَ ـِ ـَ ـُ ـِ ـُ ـِ ـَ ـُ

(۱) زبر، زیر اور پیش کو "حرکات" کہتے ہیں۔

(۲) جس حرف پر زبر، زیر یا پیش ہو اس کو "متحرک" کہتے ہیں۔

(۳) متحرک حرف کو جلدی پڑھیں ذرا بھی نہ کھینچیں جھٹکا بالکل نہ دیں۔

(۴) الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے اور حرکت آجائے تو اس الف کو "ہمزہ" کہتے ہیں۔

ـَ زبر

اَ	ہَ	عَ	حَ	غَ	خَ	قَ
كَ	جَ	شَ	ىَ	ضَ	لَ	نَ
رَ	طَ	دَ	تَ	صَ	سَ	زَ
ظَ	ذَ	ثَ	فَ	وَ	بَ	مَ

ساتویں مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں

"زیر" والے حرف کوجلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

اِ	هِ	عِ	حِ	غِ	خِ	قِ
كِ	جِ	شِ	يِ	ضِ	لِ	نِ
رِ	طِ	دِ	تِ	صِ	سِ	زِ
ظِ	ذِ	ثِ	فِ	وِ	بِ	مِ

پیش ـــُـــ

"پیش" والے حرف کوجلدی پڑھیں، ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول نہ پڑھیں۔

اُ	هُ	عُ	حُ	غُ	خُ	قُ
كُ	جُ	شُ	يُ	ضُ	لُ	نُ
رُ	طُ	دُ	تُ	صُ	سُ	زُ
ظُ	ذُ	ثُ	فُ	وُ	بُ	مُ

ساتویں مہینے میں بارہ دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۸ تنوین

دو زبر، دو زیر، دو پیش کو "تنوین" کہتے ہیں۔ تنوین میں "غنہ" کرنے کی بھی مشق کرائی جائے۔

"غنہ" ناک میں آواز چھپانے کا نام ہے۔

زبر کی تنوین

ہجے کرتے وقت زبر کی تنوین میں "الف" اور "یا" کا نام نہ لیں۔

جیسے: با دو زبر "بًا"۔ دال دو زبر "دًی"۔

مًا	بًا	وًا	فًا	ثًا	ذًى	ظًا
زًا	سًا	صًا	ةً	دًى	طًا	رًا
نًا	لًا	ضًا	يًا	شًا	جًا	كًا
قًا	خًا	غًا	حًا	عًا	هًا	ءً

آٹھویں مہینے میں آٹھ دن پڑھائیں

زیر کی تنوین ٍ

ظٍ	ذٍ	ثٍ	فٍ	وٍ	بٍ	مٍ
رٍ	طٍ	دٍ	تٍ	صٍ	سٍ	زٍ
كٍ	جٍ	شٍ	يٍ	ضٍ	لٍ	نٍ
ءٍ	هٍ	عٍ	حٍ	غٍ	خٍ	قٍ

پیش کی تنوین ٌ

ظٌ	ذٌ	ثٌ	فٌ	وٌ	بٌ	مٌ
رٌ	طٌ	دٌ	ةٌ	صٌ	سٌ	زٌ
كٌ	جٌ	شٌ	يٌ	ضٌ	لٌ	نٌ
ءٌ	هٌ	عٌ	حٌ	غٌ	خٌ	قٌ

آٹھویں مہینے میں بارہ دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ: | دستخط سرپرست:

سبق: ۹ حرکات اور تنوین کی مشق

ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں اور وقف بھی کرائیں۔

اَبَدًا	اَحَدٌ	اَخَذَ	اَذِنَ
اَمَرَ	اَنَا ہر جگہ پڑا نون	بَخِلَ	بَرَرَةٍ
جَعَلَ	جَمَعَ	حَسَدَ	حَشَرَ
خَشِيَ	خَلَقَ	خُلِقَ	ذَكَرَ
رَفَعَ	رَقَبَةٍ	سُرُرٌ	سَفَرَةٍ
صُحُفًا	صَمَدٌ	طَبَقٍ	طَبَقًا
طُوًى	عَبَسَ	عَدَلَ	عَلَقٍ

وضاحت: "اَنَا" قرآن مجید میں جہاں بھی آئے اس کا الف نہیں پڑھا جائے گا۔

البتہ وقف کی صورت میں "اَنَا" ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

نویں مہینے میں تیس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۱۰

عَمَدٍ	عِنَبًا	غَبَرَةٌ	فَعَلَ
قَتَرَةٌ	قُتِلَ	قَدَرَ	قُرِئَ
قَسَمٌ	كَبَدٍ	كُتُبٌ	كَسَبَ
كَفَرَ	كُفُوًا	لُبَدًا	لُمَزَةٍ
لَهَبٍ	مَسَدٍ	نَخِرَةً	وَجَدَ
وَسَقَ	وَقَبَ	وَلَدَ	وَهَبَ
هُمَزَةٍ	هُدًى		

دسویں مہینے میں بیس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

ایمانیات

سبق:۱ کلمۂ طیبہ

"لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔"(۱)

ترجمہ: "اللہ (تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ (تعالیٰ) کے رسول ہیں۔"

سبق:۲ کلمۂ شہادت

"اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔"(۲)

ترجمہ: "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ (تعالیٰ) کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ (تعالیٰ) کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔"

سبق		دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:②	دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۳ اللہ تعالیٰ

☆ سوال : اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہمیں کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

📖 جواب : اللہ تعالیٰ ایک ہے، اُس کا کوئی شریک نہیں ہے۔

☆ سوال : سب سے بڑا کون ہے؟

📖 جواب : اللہ تعالیٰ۔

☆ سوال : سب سے بڑی طاقت والا کون ہے؟

📖 جواب : اللہ تعالیٰ۔

☆ سوال : کون ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا؟

📖 جواب : اللہ تعالیٰ۔

☆ سوال : ہمیں، ہمارے امی، ابو اور بہن، بھائیوں کو کس نے پیدا کیا ہے؟

📖 جواب : اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

سبق:۳ تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۴ انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ

☆ سوال : انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ کون ہیں؟

📖 جواب : انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے اور انسان ہیں۔

☆ سوال : انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ کتنے ہیں؟

📖 جواب : انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے۔ [۳]

☆ سوال : انبیا عَلَیۡہِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ کیا کرتے تھے؟

📖 جواب : لوگوں کو ایک اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے، انہیں اچھی باتیں بتاتے اور بُری باتوں سے منع کرتے تھے۔

☆ سوال : سب سے پہلے نبی کون ہیں؟

📖 جواب : سب سے پہلے نبی حضرت آدم عَلَیۡہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ ہیں۔

☆ سوال : سب سے آخری نبی کون ہیں؟

📖 جواب : سب سے آخری نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ سَلَّمَ ہیں۔

سبق:۴ چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۵ ہمارا دین

☆ سوال : ہم سب کون ہیں؟

📖 جواب : ہم سب ''مسلمان'' ہیں۔

☆ سوال : ہمارا دین کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارا دین ''اسلام'' ہے۔

☆ سوال : اسلام کے معنی کیا ہیں؟

📖 جواب : اسلام کے معنیٰ ''فرماں برداری'' کے ہیں۔

☆ سوال : اسلام کا کلمہ کیا ہے؟

📖 جواب : اسلام کا کلمہ '' لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' ہے۔

☆ سوال : اسلام ہمیں کیا سکھاتا ہے؟

📖 جواب : اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے طریقوں پر چلیں۔

سبق:۵	پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:٦ عبادات

وضو کرنے کا طریقہ

☆ صاف ستھری اونچی جگہ پر بیٹھیں۔

☆ نیت کریں اور "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھیں۔

☆ دونوں ہاتھ گٹوں تک تین بار دھوئیں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار کلی اور مسواک کریں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار ناک میں پانی ڈالیں اور الٹے ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

☆ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین بار اس طرح دھوئیں کہ چہرہ کہیں سے بھی خشک نہ رہے۔

سبق:⑥	چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۷

☆ پہلے سیدھے اور پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت تین تین بار دھوئیں اور ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر خلال کریں۔[1]

☆ دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے سامنے کے حصّے سے پچھلے حصّے کی طرف پھیر لیں۔

☆ دونوں انگوٹھوں کے ساتھ والی انگلیوں کو دونوں کانوں میں گھمائیں اور انگوٹھے کانوں کے پچھلے حصہ پر پھیر لیں۔

☆ پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پشت گردن پر پھیر لیں۔

☆ پہلے سیدھے اور پھر الٹے پیر کو تین مرتبہ ٹخنوں سمیت اچھی طرح دھوئیں اور الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال بھی کریں۔

سبق: ۷	ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۸ کلماتِ نماز

تکبیر

"اَللّٰهُ اَكْبَرُ"(۲)

ثَنَا

"سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ"(۳)

تَعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

تَسْمِيَة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

ہدایت برائے استاذ/معلمہ

محترم استاذ/معلمہ بچوں کو تَعَوُّذ اور تَسْمِيَة کی صحیح ادائیگی کرانے کے لیے بورڈ پر "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ" اور "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" کو اس طرح لکھیں کہ جن حروف میں غلطی کا احتمال ہے ان کی نشان دہی کرکے اچھی طرح مشق کرائیں۔

سبق:۸	آٹھویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۹، ۱۰ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

ہدایت برائے استاذ/معلمہ

1. نویں مہینے میں آیت نمبر ۴ تک یاد کرائیں۔
2. پانچویں مہینے میں باقی آیات یاد کرائیں۔
3. طلبا/طالبات کو کلمات نماز یاد کرانے کے ساتھ عملی طور پر نماز پڑھائیں۔

سبق		دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۹	نویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۱۰	دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

احادیث

سبق:۱

❶

آسان دین

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

''اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ۔''[۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''بے شک دین آسان ہے۔''

❷

سبق:۲ جنت کی چابی

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

''مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلٰوةُ۔''[۲]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جنت کی کنجی (چابی) نماز ہے۔''

سبق:①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:②	دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۳ ❸ کھانے کا اہم ادب

📖 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

''لَآ اٰكُلُ مُتَّكِئًا۔''(۳)

📖 ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔''

سبق:۴ ❹ سلام پھیلانا

📖 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

''اَفْشُوا السَّلَامَ۔''(۴)

📖 ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سلام کو عام کرو۔''

سبق:۵ ❺ سچ بولنا

📖 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

''عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ۔''(۵)

📖 ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہمیشہ سچ بات کہو۔''

سبق:۳	تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۴	چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۵	پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

مسنون دعائیں

سبق:۶

۱

علم میں اضافے کی دعا

📖 ”رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا۔“ (۱)

☆ ترجمہ: ”اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔“

سبق:۷

۲

کھانے سے پہلے کی دعا

📖 ”بِسْمِ اللّٰهِ۔“ (۲)

☆ ترجمہ: ”میں اللہ کے نام کے ساتھ (کھانا شروع کرتا ہوں)۔“

سبق:۸

۳

کھانے کے شروع میں ”بِسْمِ اللّٰهِ“ پڑھنا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں

📖 ”بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔“ (۳)

☆ ترجمہ: ”میں کھانے کے شروع اور آخر میں اللہ کا نام لے کر (کھاتا ہوں)۔“

سبق					
سبق:۶	چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۷	ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۸	آٹھویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۹

۴

سونے سے پہلے کی دعا

📖 ''اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی۔'' (۴)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔''

سبق:۱۰

۵

سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا

📖 ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔'' (۵)

☆ ترجمہ: ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔''

سبق:۹	نویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:۱۰	دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سیرت

سبق:۱

☆ سوال : ''سیرت'' کسے کہتے ہیں؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات کو''سیرت'' کہتے ہیں۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی کا نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کب پیدا ہوئے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ربیع الاول کے مہینے میں، پیر کے دن پیدا ہوئے۔ [۱]

سبق:①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۲

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کس شہر میں پیدا ہوئے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام حضرت عبداللہ ہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا نام کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا نام بی بی آمنہ ہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب ہے۔

سبق:۲	دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۳

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیلے کا نام کیا ہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیلے کا نام قریش ہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا انتقال کب ہوا؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے سے دو مہینے پہلے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا انتقال کب ہوا؟

📖 جواب : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر چھ سال تھی۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا انتقال کب ہوا؟

📖 جواب : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر تقریباً آٹھ سال تھی۔

سبق:۳	تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۴

☆ سوال : جن لوگوں کی طرف نبی بھیجے جاتے ہیں ان کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : جن لوگوں کی طرف نبی بھیجے جاتے ہیں ان لوگوں کو اس نبی کی ''اُمّت'' کہا جاتا ہے۔

☆ سوال : ہم کس نبی کی امت ہیں؟

جواب : ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہیں۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنی عمر میں نُبوّت ملی؟

جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ۴۰/ سال کی عمر میں نُبوّت ملی۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی عمر تھی؟

جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر ۶۳/ سال تھی۔

سبق:④ چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۵

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں کتنے سال رہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں تقریباً ۵۳/ سال رہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں کتنے سال رہے؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تقریباً ۱۰/ سال رہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال کہاں ہوا؟

📖 جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا۔

☆ سوال : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے تو کیا پڑھنا چاہیے؟

📖 جواب : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے تو درود پڑھنا چاہیے، جیسے: صلی اللہ علیہ وسلم۔

سبق:۵	پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

اخلاق وآداب

سبق:٦ سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ (۱)

سلام کا جواب

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

جب چھینک آئے تو کہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اس کے جواب میں یہ کہیں

يَرْحَمُكَ اللهُ (۱)

سبق:٦	چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۷ کھانے کے آداب

❶ دونوں ہاتھ دھو کر کھانا۔(۱)

❷ بیٹھ کر کھانا۔(۲)

❸ ”بِسْمِ اللّٰہِ“ پڑھ کر کھانا۔(۳)

❹ سیدھے ہاتھ سے کھانا۔(۴)

❺ اپنے سامنے سے کھانا۔(۵)

❻ کھانے کے بعد ہاتھ دھونا۔(۶)

سبق:۸ پینے کے آداب

❶ سیدھے ہاتھ سے پینا۔(۱)

❷ بیٹھ کر پینا۔(۲)

❸ دیکھ کر پینا۔(۳)

❹ ”بِسْمِ اللّٰہِ“ پڑھ کر پینا۔(۴)

❺ تین سانس میں پانی پینا۔(۵)

❻ پینے کے بعد ”اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ“ کہنا۔(۶)

سبق:⑦	ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:⑧	آٹھویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق:۹ سونے کے آداب

- ❶ عشا کے بعد جلدی سونا۔[۱]
- ❷ بستر جھاڑ کر سونا۔[۲]
- ❸ سیدھی کروٹ پر سونا۔[۳]
- ❹ سونے کی دعا پڑھ کر سونا۔[۴]
- ❺ سو کر اٹھنے کے بعد دعا پڑھنا۔[۵]

سبق:۱۰ والدین کا ادب

- اپنے ابو، امی کا کہنا مانیں۔
- ☆ اپنے ابو، امی کی نافرمانی نہ کریں۔
- ☆ اپنے ابو، امی کا ادب کریں۔
- اپنے ابو، امی سے آہستہ آواز میں بات کریں۔
- ☆ اپنے ابو، امی کی خدمت کریں۔

سبق:⑨	نویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:⑩	دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

عربی زبان

سبق:۱

📖 اَلْاَعْدَادُ گنتی

وَاحِدٌ	ایک	اِثْنَانِ	دو

سبق:۲

ثَلَاثَةٌ	تین	اَرْبَعَةٌ	چار
خَمْسَةٌ	پانچ	سِتَّةٌ	چھ

محترم استاذ/معلمہ! عربی زبان کے تمام اسباق طلبا/طالبات کو ترجمے کے ساتھ زبانی یاد کرائیں۔

سبق:①	پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:②	دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۳

سَبْعَةٌ	سات	ثَمَانِيَةٌ	آٹھ
تِسْعَةٌ	نو	عَشَرَةٌ	دس

سبق: ۳	تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۴

اَیَّامُ الْاُسْبُوْعِ — ہفتے کے دن

یَوْمُ السَّبْتِ	ہفتہ
یَوْمُ الْاَحَدِ	اتوار
یَوْمُ الْاِثْنَیْنِ	پیر

سبق: ۵

یَوْمُ الثُّلٰثَاءِ	منگل
یَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ	بدھ
یَوْمُ الْخَمِیْسِ	جمعرات
یَوْمُ الْجُمُعَةِ	جمعہ

سبق:④	چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	
سبق:⑤	پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

ہدایات برائے استاذ/معلمہ: اردوزبان میں "الف" سے "ی" تک حروف کی شناخت مثالوں کے ساتھ کرائی گئی ہے۔ بورڈ کے ذریعے مثالوں میں موجود حروف کی خوب اچھی طرح پہچان کرادی جائے تاکہ بچوں کے ذہن میں حروف کی مفرد و مرکب شکلیں اچھی طرح بیٹھ جائیں۔

سبق: ⑥	چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق : ۷

سبق:۷	ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۸

نوٹ: ''ڑ'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔

سبق:⑧	آٹھویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلّم/معلّمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۹

سبق: ۹	نویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

سبق: ۱۰

وضاحت: وہ حروف جو اردو زبان میں استعمال ہوتے ہیں، عربی زبان میں استعمال نہیں ہوتے انھیں رنگ میں لکھا گیا ہے۔ طلبا/ طالبات کے سامنے اس کی وضاحت بھی کریں۔

سبق: ⑩	دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ:		دستخط سرپرست:	

حوالہ جات

ایمانیات

(۱) جامع الصغیر: ۲۸۸/۱، الرقم: ۳۱۸۶
(۲) جامع الترمذی: الطہارۃ، باب مایقال بعد الوضوء، الرقم: ۵۵
(۳) مسند الامام احمد، حدیث ابی امامۃ الباھلی، ۵/۲۶۷
الرقم: ۲۱۷۸۵

عبادات

(۱) رد المحتار، الطہارۃ، مطلب فی منافع السواک، ۲۳۸/۱
(ب) فتاوی محمودیہ، باب الوضوء، وضو کرتے ہوئے انگلیوں کا خلال: ۵/۵
(۲) سنن ابن ماجہ، اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا، باب افتتاح الصلاۃ،
الرقم: ۸۰۳
(۳) سنن ابن ماجہ، اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا، باب افتتاح الصلاۃ،
الرقم: ۸۰۴

احادیث

(۱) صحیح البخاری، الایمان، باب الدین یسر، الرقم: ۳۹
(۲) مسند الامام احمد، ۳۳۱/۳: الرقم: ۱۳۲۵۲
(۳) سنن ابی داود، الاطعمۃ، باب فی الاکل متکئا، الرقم: ۳۷۶۹
(۴) سنن ابی داود، الادب، باب افشاء السلام، الرقم: ۵۱۹۳
(۵) صحیح مسلم، الادب، باب قبح الکذب وحسن الصدق،
الرقم: ۲۶۳۹

مسنون دعائیں

(۱) طٰہٰ: ۱۱۴
(۲) المستدرک للحاکم، الاطعمہ، الرقم: ۷۱۶۵
(۳) سنن ابی داود، الاطعمہ، باب التسمیۃ علی الطعام، الرقم: ۳۷۶۷
(۴) صحیح البخاری، الدعوات، باب وضع الید تحت الخد الیمنی،
الرقم: ۶۳۱۴
(۵) صحیح البخاری، الدعوات، باب مایقول اذا اصبح، الرقم: ۶۳۲۴

سیرت

(۱) صحیح مسلم، الصیام، باب استحباب صیام ثلاثۃ ایام . . .
الرقم: ۲۷۴۷

اخلاق و آداب

سلام

(۱) سنن ابی داود، الادب، باب کیف السلام، الرقم: ۵۱۹۵

چھینک

(۱) صحیح البخاری، الادب، باب اذا عطس کیف یشمت،
الرقم: ۶۲۲۴

کھانے کے آداب

(۱) شمائل ترمذی، باب ماجاء فی صفۃ وضوء النبی: ص: ۱۲
(۲) صحیح مسلم، الاشربۃ، باب فی الشرب قائماً الرقم: ۵۲۷۵
(۳) المستدرک للحاکم، الاطعمہ، الرقم: ۷۱۶۸
(۴) صحیح البخاری، الاطعمۃ، باب التسمیۃ علی الطعام،
الرقم: ۵۳۷۶
(۵) صحیح البخاری، الاطعمۃ، باب التسمیۃ علی الطعام،
الرقم: ۵۳۷۶
(۶) سنن ابی داود، الاطعمۃ، باب فی غسل الید قبل الطعام،
الرقم: ۳۷۶۱

پینے کے آداب

(۱) صحیح مسلم، الاشربۃ، باب آداب الطعام والشرب، الرقم: ۵۲۶۵
(۲) صحیح مسلم، الاشربۃ، باب فی الشرب قائماً، الرقم: ۵۲۷۵
(۳) سنن ابی داود، الاشربۃ، باب الشراب من فی السقاء،
الرقم: ۳۷۱۹
(۴) جامع الترمذی، الاشربۃ، باب ماجاء فی التنفس فی الاناء،
الرقم: ۱۸۸۵
(۵) صحیح مسلم، الاشربۃ، باب کراھۃ التنفس، الرقم: ۵۲۸۷
(۶) جامع الترمذی، الاشربۃ، باب ماجاء فی التنفس فی الاناء
الرقم: ۱۸۸۵

سونے کے آداب

(۱) جامع الترمذی، الصلاۃ، باب ماجاء فی کراھۃ النوم قبل العشاء . . .،
الرقم: ۱۶۸
(۲) صحیح البخاری، الدعوات، باب بلاعنوان، الرقم: ۶۳۲۰
(۳) صحیح البخاری، الدعوات، باب الضجع علی الشق الایمن،
الرقم: ۶۳۱۵
(۴) صحیح البخاری، الدعوات، باب وضع الید تحت الخد الیمنی،
الرقم: ۶۳۱۴
(۵) صحیح البخاری، الدعوات، باب مایقول اذا اصبح، الرقم: ۶۳۲۴

ماہانہ حاضری اور فیس چارٹ

مہینہ	کل ایام تعلیم	ایام حاضری	غیر حاضری	فیس	دستخط معلّم/معلّمہ	دستخط سرپرست
جنوری						
فروری						
مارچ						
اپریل						
مئی						
جون						
جولائی						
اگست						
ستمبر						
اکتوبر						
نومبر						
دسمبر						

دستخط ذمہ دار: ____________

گزارش برائے اساتذہ وسرپرست حضرات

محترم والد/سرپرست حضرات!

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

انتہائی خوشی کی بات ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! آں جناب کا صاحب زادہ/صاحب زادی دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ والدین کی طرف سے اولاد کے لیے اچھی تعلیم وتربیت سے زیادہ بہتر کوئی اور تحفہ نہیں ہے۔

محترم والد وسرپرست حضرات! بچے کی اچھی تعلیم وتربیت کے لیے استاذ اور بچے کے ساتھ ساتھ والد کو بھی فکر مند ہونا چاہیے جیسے پنکھے کے تین پر ہوتے ہیں، تینوں پر ملنے سے پنکھا ہوا دیتا ہے، اسی طرح تعلیم وتربیت کے لیے بھی استاذ، والد اور طالب علم کو مل کر محنت کرنا ضروری ہے۔

اس لیے آں جناب سے خصوصی درخواست ہے کہ ہر مہینے بچے کے استاذ سے ملاقات فرما کر بچے کی تعلیمی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل فرماتے رہا کریں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ آپ کی ہر ماہ کی یہ ملاقات آپ کے صاحبزادہ/صاحبزادی کی تعلیمی ترقی کا باعث ہوگی اور بچے کی بھی حوصلہ افزائی ہوتی رہے گی۔

امید ہے کہ آں جناب ہر ماہ باقاعدگی سے مدرسے تشریف لایا کریں گے۔

طالب علم/طالبہ کا نام:__________ والد:__________ سن:__________

ماہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون
دستخط معلّم/معلّمہ						
ماہ	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
دستخط معلّم/معلّمہ						

وضاحت: محترم معلّم/معلّمہ! جس ماہ والد ملاقات کے لے تشریف لائیں اس ماہ کے خانے میں آپ اپنا دستخط فرمادیں اور جس ماہ سرپرست نہ آسکیں تو اس ماہ دستخط نہ فرمائیں۔ جزاك الله خيراً

مکتب تعلیم القرآن الکریم کا تعارف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' ایک تعلیمی ادارہ ہے جو علمائے کرام اور تعلیمی ماہرین کے اشتراک سے قائم شدہ ہے، جس کے مقاصد یہ ہیں:

- قرآن کریم کی تعلیم کو فروغ دینا......
- بچپن سے بچوں کی دینی تعلیم و تربیت کرنا......
- تعلیمی اداروں کی رہنمائی اور تعلیمی امور میں معاونت کرنا ہے تاکہ تعلیمی ادارے منظم اور مستحکم ہو سکیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس سلسلے میں ادارہ مکتب تعلیم القرآن الکریم حسبِ ذیل خدمات انجام دے رہا ہے۔

1. پاکستان بھر کے مکاتب اور اسکولوں میں ناظرہ قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھانے کے لیے جدّ و جہد کر رہا ہے۔
2. تعلیمی اداروں کے لیے نصابی، درسی کُتب، نصاب پڑھانے کا طریقہ اور مزید علمی مواد پیش کر رہا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! نصابی کُتب قرآن و حدیث کی روشنی میں، قومی تعلیمی پالیسی کے مطابق، ماہرین تعلیم، تجربہ کار اساتذہ کرام کی معاونت اور دورِ جدید کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہیں، نیز مکمل حوالہ جات بھی درج کیے جاتے ہیں تاکہ بات معتمد اور مستند ہو۔

3. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ادارہ اساتذہ کرام اور منتظمین کے لیے تربیتی نشست (ورک شاپ) کا کم و بیش اوقات کے لیے بلا معاوضہ انعقاد کرتا ہے۔ جس میں تربیتی نصاب پڑھانے کا طریقہ اور کم وقت میں زیادہ بچوں کو نورانی قاعدہ/ ناظرہ قرآن کریم پڑھانے کا طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔
4. ادارہ، تمام بچوں کو معیاری تعلیم دینے اور تمام بچوں کی بہترین تربیت کے لیے کوشاں ہے۔

رابطہ نمبر کراچی : 0334-3630795 0323-2163507

رابطہ نمبر لاہور : 0321-4292847 0321-4066762

مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)

تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ

تربیتی نصاب سندھی (ناظرہ)

تربیتی نصاب برائے اسکول

تربیتی نصاب برائے بالغان

معیاری مکتب کے راہ نما اصول

نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ